تبصرے میں تفصیل میں جانے کا موقع نہیں۔ ڈاکٹر محمد آصف ماہر حیوانیات ہیں اور قرآن کے مطالعے سے شغف رکھتے ہیں' انھوں نے اس کتاب کی ایک تلخیص تیار کی ہے جس میں ان آیات سے متعلقہ سائنسی معلومات کو وضاحت و تفصیل سے' اشکال کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ نطفہ' امشاج' مضغہ مخلقہ' غیر مخلقہ' عظماً ' پھر ہڈیوں پر گوشت کا چڑھانا' تین پردوں میں نشوونما' پھر النشأۃ سب مراحل کا قرآن میں ذکر اور سائنسی تحقیقات کا اس سے تطابق حیران کر دیتا ہے۔

ادارہ اسلامیات نے اسے معیاری انداز میں شائع کیا ہے۔ یہ کتاب سائنس خصوصاً میڈیکل کے شعبے سے تعلق رکھنے والوں کے لیے ایک ضروری اور مفید کتاب ہے۔ اسے ہر میڈیکل لائبریری میں ہونا چاہیے۔ ڈاکٹر محمد آصف صاحب اس غیر معمولی کاوش پر مبارک باد کے مستحق ہیں۔ (ڈاکٹر شگفتہ نقوی)

دنیاے اسلام میں سائنس اور طب کا عروج' پروفیسر ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن صدیقی۔ ناشر: نشریات' ۴۰- اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۳۵۲۔ قیمت: ۲۴۰ روپے۔

آج کی علم و سائنس کی دنیا میں مسلمان قائد نہیں' اس لیے ضرورت ہے کہ مسلمانوں کو ان کی عظمت رفتہ سے شناسا کیا جائے اور یہ بھی بتایا جائے کہ کامیابی اور کامرانی دیانت' امانت اور سخت محنت کی مرہونِ منت ہوتی ہے۔

ہم سب برسوں سے سنتے اور پڑھتے آئے ہیں کہ سائنس اور طب کی دنیا کم و بیش آٹھ صدیوں تک مسلمانوں کے کارناموں ہی سے عبارت رہی۔ پانچ صدیوں تک تو صرف مسلمان ہی نمایاں رہے۔ پروفیسر حفیظ الرحمٰن نے اپنی کتاب میں اس بارے میں سب تفصیلات کو وضاحت سے یک جا کر دیا ہے۔ اس سے بھی زیادہ اہم یہ معلومات ہیں کہ جب پوری اسلامی دنیا سائنس اور طب کی ایجادات سے جگمگا رہی تھی تو وہ یورپ کا تو تاریک دور تھا ہی' دیگر بڑے بڑے ممالک جیسے چین' بھارت اور دیگر ممالک میں سائنس دانوں کی تعداد کیا تھی اور ان کے موضوعات کیا تھے۔ انھوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ فی الوقت مسلمانوں کا جو غیر مطبوعہ علمی سرمایہ ہے وہ لاکھوں مخطوطات کی شکل میں